شیخ الحدیث حافظ عبدالمنان نورپوری رحمۃ اللہ علیہ

تاریخ وفات 26 فروری 2012ء

(مولانا قاری تاج محمد شاکر ایم۔اے پتوکی)

دین کا داعی مبلغ حافظ عبدالمنانؒ	خوش اخلاق شیریں بیان حافظ عبدالمنانؒ
شیخ الحدیث شیخ القرآن حافظ عبدالمنانؒ	مسلکِ حقہؒ کی جان حافظ عبدالمنانؒ
علمائے سلف کی یادگار، متقی پرہیز گار	کتنا عظیم تھا انسان حافظ عبدالمنانؒ
روشن فکر، روشن دماغ، سنت سے چہرہ باغ باغ	حفظ و ضبط اللہ کی شان حافظ عبدالمنانؒ
بے مثل فکر و فہم پیکرِ علم و حلم	جیت لیتے تھے ہر میدان حافظ عبدالمنانؒ
حدیثِ نبویؐ کے سپاہی ہر نقشِ باطل کے ماحی	اہل حق کی تھی پہچان حافظ عبدالمنانؒ
بہت سادہ عمر گزاری پڑھتے پڑھاتے رہے بخاری	ترتیل سے پڑھتے قرآن حافظ عبدالمنانؒ
ذہانت و فطانت بڑی، ذکر الٰہی ہر گھڑی	مسلک پہ تھا رب کا احسان حافظ عبدالمنانؒ
گنج ہائے گرانمایہ تاجؔ ہم نے نہ قدر پایا	تھے وہ اللہ کی برہان حافظ عبدالمنانؒ
خاک سے پیدا ہوا اللہ نے یہ رُتبہ دیا	تاجؔ جنت کا مہمان حافظ عبدالمنانؒ
گوجرانوالہ کی ہر گلی کہتی ہے اللہ کا ولی	کردار جس کا عظیم الشان حافظ عبدالمنانؒ